08.11.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .....عبدالواحد

Music

☆ روشنیوں کا تہوار دیوالی، ملک اور بیرون ملک جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے چھتیس گڑھ کے بَستر میں سکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ دیوالی منائی۔ انھوں نے کہا کہ شہری اَب بائیں بازو کی انتہا پسندی کے خوف سے آزاد ہوچکے ہیں۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے نکسلزم کے کامیاب خاتمے پر سکیورٹی اہلکاروں کی جرأت، بہادری اور لگن کی تعریف کی۔

☆ بھارتی شیئر بازار اور کموڈیٹی مارکیٹ میں دیوالی کے موقع پر مہورت ٹریڈنگ کا خصوصی اہتمام کیا گیا۔ اس کے ساتھ ہی Samvat 2083 کا آغاز ہوا۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے دو دن کے دوران، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل اور انڈمان ونکوبار جزائر میں شدید بار پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی Tushar Suveer اور Rakshitha Ramraj نے تلنگانہ انڈیا انٹرنیشنل چیلنج میں مردوں اور خواتین کے سنگلز کے خطاب جیتے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے.....

PM Diwali Bastar

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج چھتیس گڑھ کے بَستر میں بہادر سکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ دیوالی منائی۔ سکیورٹی اہلکاروں سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اِس سال کی دیوالی خاص اہمیت رکھتی ہے کیونکہ ملک نے نکسلزم اور ماؤنوازوں کی دہشت گردی کے خلاف کئی دہائیوں سے جاری لڑائی میں کامیابی حاصل کی ہے۔

S/B PM Diwali with Jawan

انھوں نے کہا کہ پہلی مرتبہ ملک کا ہر ضلع نکسلزم سے پاک ہوچکا ہے اور کروڑوں شہری اب بائیں بازوں کی انتہا پسندی کے خوف سے آزاد ہوگئے ہیں۔ وزیر اعظم نے اِسے ایک غیر معمولی کامیابی قرار دیا اور اِس کا سہرا لاکھوں بہادر سکیورٹی اہلکاروں کی خدمات کو دیا۔

S/B 1400 PM Naxalism New

وزیر اعظم نے اجاگر کیا کہ گذشتہ 47برسوں میں پہلی مرتبہ ایسا ہوا ہے کہ پچھلے ایک سال کے دوران ڈیوٹی پر تعینات CRPF کے کسی بھی جوان نے اپنی جان نہیں گنوائی ہے۔ انھوں نے کہا کہ خدمت کے جذبے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے حکومت سے نکسلزم سے متاثرہ علاقوں کے لوگوں کی زندگی میں نمایاں تبدیلی آئی ہے۔x

PM HM Naxalism

وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے ملک سے نکسلزم کے خاتمے میں کامیابی پر سکیورٹی اہلکاروں کی جرأت، بہادری اور لگن کی ستائش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ نکسلزم اب ماضی کا حصہ بن چکا ہے اور آگے بڑھنے کا راستہ ترقی ہے۔ انھوں نے سکیورٹی اہلکاروں کا شکریہ بھی ادا کیا اور کہا کہ چھتیس گڑھ کے بَستر میں اُن کے ساتھ دیوالی منانے کا یہ موقع بیحد خاص اور یادگار ہے۔

اُدھر وزیر داخلہ امت شاہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے اُن سکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ دیوالی منانے کو ایک روایت بنا دیا ہے جو ملک کی حفاظت کیلئے اپنے اہل خانہ سے دور رہتے ہیں۔انھوں نے کہا کہ اِس سال بَستر کے جنگلات میں دیوالی کی تقریبات خصوصی اہمیت کی حامل ہیں، کیونکہ یہ علاقہ کبھی نکسل تشدد سے متاثر تھا، لیکن اب یہاں امن اور ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز ہو رہا ہے۔ وزیر داخلہ نے اِس بات کو بھی نمایاں کیا کہ ملک میں پانچ دہائیوں کے بعد یہ پہلی دیوالی ہے جو نکسلزم کے ناسور سے آزادی حاصل کرنے کے بعد منائی جارہی ہے۔x

Rajnath

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج سکم میں Sherathang جنگی یادگار پر فوجی جوانوں کے ساتھ دیوالی منائی۔ اِس موقع پر فوجی اہلکاروں سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے مسلح افواج کی بہادری اور قربانیوں کو یاد کیا۔ انھوں نے کہا کہ اگر ملک کے عوام پُرامن ماحول میں دیوالی منارہے ہیں تو اِس کا سہرا ہماری مسلح افواج کوجاتا ہے۔

S/B Rajnath Singh

وزیر دفاع نے کہا کہ جنگی یادگاریں ملک کی نوجوان نسل کیلئے یقینی طور پر باعث ترغیب ہوں گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ Sherathang وار میموریل اُن شہیدوں اور جنگی جانبازوں کو ایک شاندار خراجِ عقیدت ہے، جنھوں نے ملک کیلئے عظیم قربانیاں پیش کیں۔ اِس موقع پر فوج کے سربراہ دھیرج سنگھ اور فوج کے سینئر افسران بھی اُن کے ہمراہ تھے۔

VP PREZ PM PREZ Diwali

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی اور انھیں دیوالی کی مبارکباد پیش کی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی آج راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ سے ملاقات کی اور اُنھیں دیوالی کی مبارکباد پیش کی۔x

Rev. Maha Mahorat Trading

بھارت کی اسٹاک اور اجناس کی مارکیٹ نے دیوالی کے موقع پر خاص مہورت ٹریڈنگ سیشن کا اہتمام کیا۔ یہ سموت 2083 کے آغاز کی بھی علامت ہے۔

سینسیکس میں تقریباً 29 پوائنٹس کی گراوٹ آئی جبکہ نفٹی نے 44 پوائنٹ گرکر کاروباری سیشن کا اختتام کیا۔ سموت 2083 کے پہلے کاروباری سیشن کے دوران فروخت کا دباؤ دیکھا گیا۔

نیشنل اسٹاک ایکسچینج کے مینجنگ ڈائریکٹر آشیش کمار چوہان نے اعتماد ظاہر کیا کہ عالمی سطح پر غیر یقینی صورتحال کے باوجود بھارتی معیشت مستحکم رہے گی۔ x

World Diwali Celebration

دیوالی کا تہوار، دنیا بھر میں منایا جارہا ہے۔ عالمی رہنماؤں، حکومتوں اور سفارتی مشنز کی جانب سے مبارکباد کے پیغامات اور نیک تمناؤں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس موقع پر دنیا بھر میں بھارتی سفارتی مشنوں نے ثقافتی پروگراموں اور کمیونٹی اجتماعات کا انعقاد کیا ہے۔امریکہ میں نیویارک کے گورنر Kathy Hochul نے آج کے دن کو ریاست میں باضابطہ طور پر دیوالی کے طور پر منانے کا اعلان کیا ہے۔ نیویارک میں بھارتی قونصل جنرل نے اُن کے اِس فیصلے کا خیر مقدم کیا اور بھارت نژاد امریکی برادری کی خدمات اور تعاون کو سراہا۔

ٹورینٹو میں بھارتی قونصل خانے نے بھی دیوالی کے موقع پر مبارکباد پیش کی ہے۔

پاکستان میں بھارتی سفارتخانے نے دیوالی اور Bandhi Chhor دِوَس منایا اور اِس موقعے کی تقریبات کی جھلکیاں بھی شیئر کیں۔ وینزوئیلا میں کارگزار صدر Delcy Rodriguez نے راجدھانی Caracas میں وینزوئیلا کی حکومت اور بھارتی سفارتخانے کی جانب سے مشترکہ طور پر منعقدہ دیوالی تقریبات میں شرکت کی۔

چین میں شنگھائی میں بھارتی قونصل جنرل نے تمل–سنگم کے زیر اہتمام ایک تقریب میں تمل برادری کے ساتھ دیوالی منائی۔x

Dubai Diwali Celebrations

متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان اور نائب صدر شیخ محمد بن راشد المکتوم نے متحدہ عرب امارات اور دنیا بھر میں دیوالی منانے والوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشل میڈیا پر عربی، انگریزی اور ہندی زبانوں میں اپنے پیغامات میں شیخ محمد بن زائد نے دیوالی منانے والوں کیلئے صحت وتندرستی اور خوشحالی کی تمنا کی۔ انھوں نے کہا کہ یہ تہوار اور آنے والا سال اُن کے اور اُن کے اہل خانہ کیلئے خوشیاں لے کر آئے۔x

Dubai Diwali

دیوالی تہوار کے دوران دبئی کی سڑکیں رنگ برنگی روشنیوں سے جگمگا رہی ہیں۔ شہر بھر میں ثقافتی پروگرام اور شاندار تقریبات منعقد کی جا رہی ہیں۔ تہوار کی رونقیں، شہر کے مصروف ترین بازاروں، سجے ہوئے رہائشی علاقوں اور

عوامی مقامات پر دیکھی جاسکتی ہیں۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے.....

VC Manish Shiva

دیوالی کے دوران دبئ میں تہوار کی خاص رونقیں ہیں۔ سڑکیں پہلے سے زیادہ روشن ہیں، دکانوں پر گہا گہی ہے اور ہر طرف جشن کا ماحول ہے۔ یہ سال کا وہ وقت ہے، جب روشنیوں کا تہوار پوری دنیا کو اپنی رنگینیوں میں سمو لیتا ہے۔ مینا بازار کی مصروف ترین گلیوں سے لے کر شاپنگ مالز میں لگے عارضی اسٹال تک، ہر طرف تہوار کی رونق ہے۔دکانیں رنگ برنگی سجاوٹ، روایتی ملبوسات، دیئے، مٹھائیوں اور تحائف سجی ہوئی ہیں۔ لوگ خریداری کیلئے گھروں سے نکل رہے ہیں، دوست احباب ایک دوسرے ملاقات کر رہے ہیں اور دکاندار تہوار کے موقع پر آنے والے اپنے گاہکوں کا استقبال کر رہے ہیں۔
عام سی نظر آنے والی رہائشی عمارتیں آج کے دن رنگوں اور روشنیوں سے سجی ہوئی ہیں اور دلکش منظر پیش کر رہی ہیں۔ ہر جگمگاتی بالکنی کے پیچھے شاید کوئی ایسا کنبہ ہے، جو اپنی روایات کو زندہ رکھے ہوئے ہے، اپنی یادوں کو تازہ کر رہا ہے اور اپنے وطن کی چھوٹی سی جھلک کو اپنے ساتھ محسوس کر رہا ہے۔
دبئ سے منیش شیوا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں محمد شہزاد

Nepal Kukur Tihar

نیپال میں کُکُر تہار منایا جا رہا ہے۔ کُکُر تہار در اصل دیوالی سے جڑا ہوا ایک روایتی تہوار ہے جس کی نیپال ثقافت یں ایک خاص اہمیت ہے۔
پیش ہے ایک رپورٹ.....

VC Arvind Jain

نیپال میں آج کتّوں کا فیسٹول منایا جا رہا ہے۔ اسے کُکُر تہار کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس تہوار کے ذریعے لوگ اِس وفادار جانور کے تئیں اپنے لگاؤ کا اظہار کرتے ہیں۔ اس موقع پر کتّوں کے گلے میں گیندے کے پھولوں کے ہار پہنائے جاتے ہیں، ان کی پیشانی پر سُرخ ٹیکا لگایا جاتا ہے اور انھیں خاص لوازمات پیش کی جاتی ہیں۔ خواہ وہ پالتوں کتے ہوں یا سڑک پر گھومنے والے دیگر کتے، سب کو ان تقریبات میں شامل کیا جاتا ہے اور ان کے ساتھ محبت کا برتاؤ کیا جاتا ہے۔ ہندو عقائد کے مطابق کتّوں کو موت کے دیوتا یمراج کا پیامبر تصور کیا جاتا ہے۔ کتوں کو بھیرو دیوتا سے بھی منسوب کیا جاتا ہے اور

روایتی طور پر انہیں محافظ اور نگہبان کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ
کُکر تہار سے وابستہ مذہبی روایات میں کتوں کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔
کٹھمنڈو سے اروند جین کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد عمران

Israel New Govt

اسرائیل میں سابق فوجی سربراہ اور Yashar پارٹی کے رہنما Gadi Eisenkot کو نئی حکومت تشکیل دینے کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔ اِس طرح اُنھیں وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو کی جگہ لینے کا موقع مل گیا ہے۔
صدر Isaac Herzog نے سیاسی پارٹیوں سے مشاورت کے بعد اِس فیصلے کا اعلان کیا۔ Eisenkot کو 120رکنی Knesset میں 67ارکان کی حمایت حاصل ہے جن میں عرب پارٹیوں کے 19ارکان بھی شامل ہیں، جبکہ نیتن یاہو کی حمایت میں 46ارکان نے ووٹ دیا۔ 7ارکان نے دونوں امیدواروں میں سے کسی بھی حمایت نہیں کی۔ Yashar پارٹی کے رہنما Eisenkot کو اتحادی حکومت تشکیل دینے کیلئے 28دن کا وقت دیا گیا ہے، جس میں ممکنہ طور پر مزید 14دن کی توسیع بھی کی جاسکتی ہے۔

Northern Railway Security

شمالی ریلوے نے تہواروں کے موسم کے دوران مسافروں کی متوقع بھیڑ بھاڑ کے پیش نظر دلّی کے سبھی بڑے اسٹیشنوں پر سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے ہیں۔ ریلوے نے مسافروں کی حفاظت کو یقینی بنانے اور نقل وحمل کو ہموار بنانے کیلئے تیرہ سو اضافی اہلکاروں سمیت ریلوے پروٹیکشن فورس RPF کے دو ہزار اہلکاروں کو تعینات کیا ہے۔مسافروں کی بھیڑ کو کنٹرول کرنے کیلئے نئی دلّی، آنند وہار، حضرت نظام الدین اور پرانی دلّی ریلوے اسٹیشنوں پر اضافی RPF اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ شمالی ریلوے نے کہا ہے کہ سکیورٹی کو مضبوط بنانے اور مسافروں کو فوری مدد فراہم کرنے کیلئے RPF اہلکار چوبیس گھنٹے مستعد رہیں گے۔x

Maha Diwali Celebrations

خشک سالی کے حالات کے درمیان مہاراشٹر کے وزراء نے ریاست بھر میں کسانوں کے ساتھ دیوالی منائی اور مشکلات سے دو چار کسانوں تک رسائی حاصل کی۔ اِن دوروں کا مقصد کسان کے مسائل کو سمجھنا اور انہیں حکومتی تعاون کا یقین دلانا تھا۔ اس اقدام میں فصلوں کا معائنہ اور ضروری اشیاء کی تقسیم بھی شامل تھی۔
پیش ہے ایک رپورٹ .....

VC Nivedita

خشک سالی، فصلوں کے نقصان اور پانی کی قلت سے نبرد آزما کسانوں کے
لئے یہ دیوالی یکجہتی اور حوصلہ افزائی کا پیغام لے کر آئی۔ سرکاری تقریبات سے
آگے بڑھ کر مہاراشٹر کے وزراء، کسانوں کے درمیان پہنچے، ان کے ساتھ تہوار

کی خوشیاں بانٹیں اور انہیں یقین دلایا کہ اُن کے خدشات کو نظر انداز نہیں کیا جائے گا۔ اِس کا وسیع تر مقصد حکومت کی مدد کو براہ راست کسانوں تک پہنچانا تھا۔ اس کوشش میں مالی امداد بھی شامل تھی، جس کے تحت بُلڈھانا کے چار اعشاریہ چار لاکھ کسانوں کو 212اعشاریہ نو—دو کروڑ روپے کی پیشگی امداد فراہم کی گئی۔

Nivedita کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں محمد شہزاد

Maharastra Dams

مہاراشٹر کے مختلف ڈیم میں پانی کا ذخیرہ کم ہوکر قابل استعمال مجموعی گنجائش کا 65اعشاریہ سات نو فیصد رہ گیا ہے۔ ریاست کے آبی وسائل کے محکمے کی 8نومبر 2026 کی رپورٹ کے مطابق ریاست کے تین ہزار 42 بڑے، درمیانے اور چھوٹے آبپاشی پروجیکٹوں میں مجموعی طور پر 26ہزار 979ملین مکعب میٹر قابل استعمال پانی موجود ہے۔ گذشتہ سال کی اِسی تاریخ ڈیموں میں پانی کا ذخیرہ 90اعشاریہ چھ سات فیصد تھا۔ اِس طرح گذشتہ سال کے مقابلے میں پانی کی سطح میں تقریباً 25فیصد پوائنٹس کی کمی درج کی گئی ہے۔x

Eve IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات، IMD نے تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل اور انڈمان و نکوبار جزائر میں اگلے دو دنوں کے دوران شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے آندھرا پردیش، کیرالم، ماہے، لکشدیپ اور تمل ناڈو میں کل گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

محکمۂ موسمیات نے آندھرا پردیش میں منگل کے روز تک تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اس دوران دلّی—این سی آر میں ہوا کا معیار انتہائی خراب زمرے میں رہا۔ آلودگی پر کنٹرول کے مرکزی بورڈ کے مطابق دلّی میں آج شام 7بجے ہوا کے معیار کا اشاریہ AQI، 371 درج کیا گیا۔ x

Badminton Telangana India Challenge

بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی Tushar Suveer اور Rakshitha Ramraj نے آج تلنگانہ انٹرنیشنل چیلنج 2026میں مردوں اور خواتین کے سنگلز کے خطاب جیتے۔ بھارت نے مجموعی طور پر پانچ میں سے تین خطاب اپنے نام کئے۔ اعلیٰ درجے کی مردوں کی ڈبلز جوڑی کرشنا پرساد Garaga اور Pruthvi Krishnamurthy نے بھی کامیابی حاصل کی۔ انھوں نے ہم وطن کھلاڑیوں Sai Pratheek K اور Ruban Kumar کو اکیس—بارہ، اکیس—اٹھارہ سے شکست دی۔مردوں کے سنگلز کے فائنل میں Tushar نے ہم وطن کھلاڑی Bharat Raghav کو پندرہ—اکیس، اکیس—اٹھارہ، اکیس—اُنیس سے ہرایا۔ خواتین کے سنگلز کے فائنل میں اعلیٰ درجے کی کھلاڑی Rakshitha نے نویں درجے کی کھلاڑی Rujula Ramu کو شکست دی۔

بھارت چوتھا خطاب جیتنے سے اُس وقت محروم رہ گیا جب ستیش کمار کرونا کرنک اور اَشونی کُنپّا کو مکسڈ ڈبلز کے فائنل میں روس کی جوڑی Rodion Alimov اور Alina Davletova کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ Mei Sudo اور Mai Tanabe پر مشتمل جاپان کی جوڑی نے خواتین کے ڈبلز کا خطاب جیتا۔x

Cricket U-19

مردوں کے کرکٹ میں، عُمان میں جاری ACC مینز انڈر 19ایشیا کپ کے گروپ۔A کے میچ میں بھارت کو پاکستان کے ہاتھوں 3وکٹ سے ہار کا سامنا کرنا پڑا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارتی ٹیم 208رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ بھارت کی جانب سے ارجن راجپوت نے 85 گیندوں پر 107رن کی شاندار اننگز کھیلی۔ پاکستان کی جانب سے رضوان اللہ، علی رضا اور نقاب شفیق نے تین–تین وکٹ لئے۔

جواب میں پاکستان نے 48اوورز، ایک گیند میں 7وکٹ پر 209رن کا نشانہ حاصل کرلیا۔ اس جیت میں حمزہ ظہور کی 108 گیند پر ناٹ آؤٹ 100رن کی اننگز اہم رہی۔ بھارت کی جانب سے منال چوہان نے 3وکٹ لئے جبکہ موہت اُولوا نے 2حاصل کئے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆